ہوا خارج ہونے کے بعد استنجا کیے بغیر وضو کرنے کا حکم

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-13049

تاریخ اجراء: 03ربیع الثانی1445ھ/19اکتوبر2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر ہوا یا گیس خارج ہونے سے وضو ٹوٹ جائے، لیکن استنجا کی حاجت نہ ہو، تو کیا استنجا کئے بغیر وضو کر کے نماز پڑھ سکتے ہیں؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

سبیلین (یعنی اگلے پچھلے مقام) سے نکلنے والی نجاست کو دور کرنا استنجا کہلاتا ہے جبکہ صرف ریح خارج ہونے کی صورت میں اگرچہ وضو ٹوٹ جاتا ہے لیکن کوئی نجاست خارج نہیں ہوتی۔ اس لئے پچھلے مقام سے صرف ہوا یا گیس خارج ہونے کی صورت میں نماز کی ادائیگی کے لئے استنجا کرنے کی حاجت نہیں، وضو کر لینا کافی ہے۔

علامہ سراج الدین ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”وھو شرعا ازالۃ ما علی السبیل من النجاسۃ کذا فی الفتح وعرف منہ انہ لا یسن من الریح “یعنی شرعاً سبیلین پر موجود نجاست کو دور کرنا استنجا ہے، ایسا ہی فتح القدیر میں ہے اور اسی سے معلوم ہو گیا کہ ریح کی وجہ سے استنجا مسنون نہیں۔(النھر الفائق، جلد1، صفحہ151، مطبوعہ :بیروت)

دِرِ مختار میں ہے: ”إزالۃ نجس عن سبیل فلا یسن من ریح “یعنی سبیلین سے نجاست کو دور کرنے کا نام استنجاء ہے لہذا ہوا خارج ہونے کی وجہ سے استنجا کرنا مسنون نہیں۔

اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے علامہ ابنِ عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”لأن بخروج الریح لا یکون علی السبیل شیئ فلا یسن منہ “یعنی کیونکہ ریح نکلنے کے سبب مقام پر کوئی نجاست نہیں ہوتی، تو اس کی وجہ سے استنجا مسنون نہیں۔(ردالمحتار علی الدر المختار، جلد1، صفحہ599، مطبوعہ: کوئٹہ)

فقیہ اعظم مفتی محمد نور اللہ نعیمی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے سوال ہوا کہ ”ایک آدمی باوضو تھا لیکن ہوا دبر سے خارج ہوئی تو وضو ٹوٹ گیا لیکن پھر دوبارہ وضو جب کرتے ہیں تو وضو پورا کیا جاتا ہے اور استنجاء نہیں کیا جاتا، اس کی کیا وجہ ؟ ۔“ آپ علیہ الرحمہ اس کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں: ”ہوا سے جسم آلودہ نہیں ہوتا لہذا استنجاء کی ضرورت نہیں اور شلوار دھونی بھی ضروری نہیں۔“ (فتاوی نوریہ، جلد1، صفحہ124۔125، دارالعلوم حنفیہ فریدیہ بصیر پور ضلع اوکاڑہ)

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّى اللهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net